فوری ریلیز کے لیے: 3/5/2023

گورنر *KATHY HOCHUL*

گورنر HOCHUL کی جانب سے مالی سال 2024 کے بجٹ کے طور پر اسقاط حمل کے تحفظ اور اس تک رسائی کو مستحکم بنانے کے لیے اہم اقدامات کا اعلان

اسقاط حمل کی دیکھ بھال کی خواہش مند خواتین کے ذاتی ڈیٹا کے تحفظات کا نفاذ

نگہداشتی خدمات برائے تولیدی صحت کے لیے Medicaid کی باز ادائیگی کی شرح میں اضافہ

نجی بیمہ کاران کے لیے اسقاط حمل کے لیے تجویز کردہ آف لیبل پر ادویات کے اسقاط حمل کا احاطہ کرنے کے لیے درکار اقدامات کی شمولیت

اسقاط حمل فراہم کنندگان اور تولیدی صحت کی دیکھ بھال میں معاونت کے لیے 100.7$ ملین کی نئی فنڈنگ

گورنر Kathy Hochul نے آج مالی سال 2024 کے بجٹ کے حصے کے طور پر اسقاط حمل تک رسائی کے تحفظ اور اسقاط حمل کی دیکھ بھال کے خواہاں تمام لوگوں کے لیے نیو یارک کی حیثیت کو ایک محفوظ پناہ گاہ کے طور پر مستحکم کرنے کے لیے اہم اقدامات کا اعلان کیا۔ بجٹ نیو یارک اسقاط حمل تک رسائی کو بڑھانے کے لیے Medicaid کی باز ادائیگی کی شرحوں میں اضافہ کرتا ہے، تولیدی صحت کی دیکھ بھال کے/کی خواہاں مریضوں/مریضاؤں کے لیے اضافی ڈیٹا تحفظات نافذ کرتا ہے، نجی بیمہ کاران سے اسقاط حمل کے لیے آف لیبل تجویز کیے جانے پر ادویات کے اسقاط حمل کو احاطہ کرنے کا تقاضا کرتا ہے، اور اسقاط حمل فراہم کنندگان کی مدد اور تولیدی صحت کی دیکھ بھال کے لیے 100.7$ ملین کی نئی فنڈنگ مختص کرتا ہے۔

"چونکہ اختیار مخالف انتہا پسند اور ججز ملک بھر میں اسقاط حمل کے حقوق کو واپس لینے کی کوششوں میں ہیں، لہٰذا ہم یہاں نیو یارک میں ان کا مقابلہ کر رہے ہیں،**"گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ اقدامات اور فنڈنگ ریاست بھر میں اسقاط حمل کی رسائی کو فروغ دے گی، تولیدی صحت کی دیکھ بھال کی خواہاں خواتین کو تحفظ فراہم کرے گی اور اسقاط حمل کی ادویات تک رسائی کو وسعت دے گی۔ اپنی نگرانی میں، میں اس بات کو یقینی بنانا جاری رکھوں گی کہ نیو یارک ان افراد کے لیے ایک محفوظ پناہ گاہ بنا رہے جنہیں اسقاط حمل کی دیکھ بھال درکار ہے۔**"**

اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ نیو یارک میں اسقاط حمل تک رسائی کے لیے کچھ مضبوط ترین تحفظات جاری رہیں اور ان اہم خدمات کو محفوظ رکھا جائے، مالی سال 2024 کا بجٹ تولیدی صحت فراہم کرنے والوں کے لیے Medicaid کی ادائیگی کی شرح میں اضافہ کرتا ہے۔

ذاتی ڈیٹا کی حفاظت کے لیے، بجٹ ایسے تحفظات کو نافذ کرتا ہے جو ریاست نیو یارک میں ہیڈ کوارٹر یا ان میں شامل کمپنیوں کو ریاست سے باہر کے قانون نافذ کرنے والے ان اداروں کو معلومات کا اشتراک کرنے سے روکیں گے جو کہ ریاست نیو یارک میں اسقاط حمل کے قانونی طریقہ ہائے کار کی تحقیقات کرتے ہیں۔ کارپوریشنز اور ایسوسی ایشنز کو کسی بھی صحت کی دیکھ بھال کی سہولت پر جیو فینسنگ کے استعمال کے ذریعے الیکٹرانک ذرائع سے کسی بھی ڈیجیٹل اشتہار کو صارف تک پہنچانے سے بھی روکا جاتا ہے۔

ادویات کے اسقاط حمل تک رسائی کو بڑھانے کے لیے، بجٹ میں ایک ایسا اقدام شامل ہے جس کے تحت نجی بیمہ کاران کو ادویات کے اسقاط حمل کے تسلیم شدہ طریقوں کا احاطہ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے، قطع نظر اس کے کہ FDA کی منظوری اور اسقاط حمل کے لیے آف لیبل تجویز کیے جائیں۔ یہ اقدام اس بات کو بھی یقینی بناتا ہے کہ کسی بھی فراہم کنندہ سے لیبل سے ہٹ کر دوائیں تجویز کرنے یا FDA سے غیر منظور شدہ ادویات تجویز کرنے کی وجہ سے طبی بےضابطگی کی کوریج اضافی شرح پر وصول نہیں کی جاتی یا کوریج کھوتا ہے۔

مالی سال 2024 کے بجٹ میں اسقاط حمل فراہم کنندگان اور تولیدی صحت کی دیکھ بھال کے لیے 100.7$ ملین کی نئی فنڈنگ شامل ہے:

- اضافی معاونت اسقاط حمل تک رسائی کی سروسز کے لیے 25$ ملین کی اعادی امداد
- تولیدی صحت کے مراکز کی سیکیورٹی گرانٹس کے لیے 10$ ملین (ایک بار)
- اضافی Medicaid باز ادائیگی میں 65.8$ ملین (14.1$ ملین ریاستی شیئر):
    - جراحتی اسقاط حمل کی باز ادائیگیوں کو بڑھانے کے لیے 14.9$ ملین۔
    - جراحتی اسقاط حمل کی باز ادائیگیوں کو بڑھانے کے لیے 35.2$ ملین۔
    - فارماسسٹ کے تجویز کردہ مانع حمل ادویات کے لیے 15.6$ ملین۔

جب سے امریکہ کے سپریم کورٹ نے پچھلے سال کا *ڈوبز (Dobbs)* فیصلہ جاری کیا، جس نے لاکھوں خواتین سے تولیدی حقوق چھین لیے، تب سے گورنر Hochul نے اسقاط حمل کی نگہداشت کے خواہاں تمام لوگوں کے لیے رسائی کو یقینی بنانے کی جدوجہد کی قیادت کی ہے۔ اسقاطِ حمل کی نگہداشت میں ملک کی سرکردہ 35$ ملین کی سرمایہ کاری تخلیق کرنے کے علاوہ گورنر Hochul نے مقننہ کے ساتھ مل کر فراہم کنندگان کے تحفظ اور مدد کے لیے ملک کے ممتاز چھ نئے قوانین منظور کرنے کے لیے کام کیا۔

رواں ہفتے کے آغاز میں، گورنر Hochul نے ایک قانون سازی پیکیج پر دستخط کیے تھے تاکہ غیر نسخہ جاتی ہارمونل مانع حمل ادویات تک رسائی کو بڑھایا جا سکے اور اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ہر CUNY اور SUNY کے طالب علم کو کیمپس میں ادویات کے اسقاط حمل تک رسائی حاصل ہو۔ گزشتہ ماہ، گورنر Hochul نے اعلان کیا تھا کہ ریاست اسقاطِ حمل تک رسائی کے تحفظ کے لیے جاری کوششوں کے جزو کے طور پر اسقاطِ حمل کی دوا Misoprostol ذخیرہ کرے گی۔ گورنر کی ہدایت پر، ریاست نیو یارک کا محکمۂ صحت متوقع ضروریات کو پورا کرنے کے لیے 150,000 خوراکیں، جو کہ پانچ سال کی رسد ہے، ذخیرہ کرنے کے لیے Misoprostol کی خریداری شروع کر دے گا۔ گورنر Hochul نے یہ بھی اعلان کیا کہ اگر اسقاط حمل کی دوا Mifepristone کو مارکیٹ سے ہٹا لیا جاتا ہے، تو ریاست فراہم کنندگان کو نگہداشت کے دیگر طریقوں تک رسائی میں مدد دینے کے لیے اضافی 20$ ملین تک یی فراہمی کا عہد کرے گی۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418